VOICE OF PAKISTAN

APRIL 1972

FIRING ON P.O.W's

Syed Aminul Husseini, the Grand Mufti of Palestine and the President of the World Muslim Congress has denounced the recent firing by Indian Troops on Pakistani prisoners of war in Ranchi.

In a press statement issued last week, the Grand Mufti says: "I have received reliable information which has also been confirmed by the Indian news media that Indian guards opened fire on Pakistani prisoners of war in a camp in India on March 7 resulting in a large number of casualties. As this was a contravention of the Geneva Convention on treatment of prisoners of war, the International Red Cross had to intercede and communicate with the Indian Government on the issue."

"The World Muslim Congress while denouncing this inhuman and unlawful conduct, on the part of India whose leaders often profess peace and human kindness, appeals to the Muslim countries, international organisation and all praceloving countries to take a firm stand in order to put an end to such vile aggression against unarmed prisoners of war."

MESSAGE FROM H. E.
Mr. M. S. Shaikh,
AMBASSADOR OF PAKISTAN TO CANADA.

Dear Countrymen:

Assalam-o-Alaikum

I am very happy to note that a dedicated group of young Pakistanis, which includes a lawyer, and auditor and a student of political science, have come forward to offer practical assistance for Pakistan. They propose a paper "The Voice of Pakistan" under the auspices of the Friends of Pakistan, the primary purpose of which will be to give correct news about Pakistan and also to encourage the flow of funds and foreign exchange to our country,which is so very badly needed for reconstruction work.

We have reason to feel proud that we have now a government elected by the people, which has engaged itself in ameliorating the lot of the common man and has embarked on a wide-ranging programme of reforms. The breadth and ken of these reforms is almost staggering and in time will revolutionize the very fabric of our society.

In this very difficult and exciting task, it is the duty of every Pakistani to come forward in the service of our country. I have noted with pride the dedication and patriotic ferver shown by the Pakistanis in Canada and I am particulary happy to know that the Friends of Pakistan are now taking steps to give a practical shape to their patriotism, I wish their venture every success.

PAKISTN ZINDABAD

BE VIGILANT--

"I want to tell you that in our midst there are people financed by foreign agencies who are intent on creating disruption. Their object is to disrupt and sabotage Pakistan. I want you to be on your guard. I want you to be vigilant and not to be taken in by attractive slogans and catch-words.

..Quaid-I-Azam

HOMELAND OF MUSLIMS--

"It was in Bengal in the year 1906, that the flag of the Muslim League was unfurled and now it is my privilege as the leader of Bengal to move the resolution for the homeland of the Muslims from the selfsame platform of the Muslim League."

-Sher-i-Bengal
A. K. Fazlul Haq.

PAKISTAN--

"Pakistan, a concept which can never die."

QUAID-I-AWAM-BHUTTO.

MY MOTHERLAND

Seema Siddiqi

Oh--my motherland you
are so beautiful:
I pick the pen with
water in my eyes full
Nothing else I can think of
but you
Beleive me I'll die faithful
and true
I promise, with your love my
songs will be fed
Every single grain of yours
Soaked in my blood
I envy those who died for your
flag
It kills me to know that
behind I lag
Being a daughter I can only
pray to God
Please take me where my
brothers lodge
What can I give you? I am
so poor
This like, I have all, I
can offer

OBJECTIVES OF FRIENDS OF PAKISTAN

1) Constant flow of foreign exchange to Pakistan.

2) To help displaced persons in pakistan by sending used clothing, blankets, tents, food and money.

3) To initiate investments in Pakistan by the Pakistan Nationalists living abroad.

4) To organize Pakistani community.

$180 MILLION AID LOANS

Mr. M. M. Ahmad, advisor on foreign loans to the government of Pakistan said that about $180 million commodity aid loan would be given to Pakistan in about six weeks time by the IDA and the Consortium countries.

TIES WITH POLAND, HUNGARY RESUMED

Pakistan has decided to resume diplomatic relations with Poland and Humgary. It was officially announced today.
Relations with these East European countries were broken off in January for their hasty recognition of "Bangla Desh."

JOB WITHOUT SEFARISH

In reply to an adverisement for a post of junior clerk in the Ministry of Law (PAKISTAN), 68 applications were received, all duly recommended by the MNS and MPA's.
The Ministry received only one application from a candidate who had not approached any MNA or MPA and he got the appointment.

PLEASE SEND ALL CORRESPONDENCE AND INQUIRIES TO:

Friends of Pakistan
P. O. Box 303,
Postal Station "D",
TORONTO 9, Ontario.

PHONE: 270-5398
536-8159
922-8061
922-9814

Mr Bhutto warns Delhi: You lose too if I go

From Kuldip Nayar
Rawalpindi, March 26

President Bhutto is ready to go to the limit to achieve friendship with India and has abandoned his previous belief in a policy of confrontation over Kashmir.

These were among the points he made to me in an exclusive interview which itself was a special occasion as I am a journalist from India, a country with which Pakistan has no diplomatic relations.

Mr Bhutto said Pakistan adopted the policy of confrontation in the past because of the military assistance it was getting from abroad "We thought it was time for a big push against India. It was patriotic prudence to say 'Let us finish it once and for all.' " But the previous situation no longer existed " and I know it will not exist in the future."

The President said that for all these reasons he was anxious to meet Mrs Gandhi. "I do not want to fight on procedures, if she wants officials or emissaries to meet first. I have told the Soviet Union that we are prepared to talk at any level without any preconditions."

Talking about the killings in Bangladesh during the Yahya Khan regime, Mr Bhutto said horrifying things took place. "We can never condone or overlook them, but we must learn a permanent lesson from what happened." Pakistan's own estimate was that 40 to 50 thousand persons had died

Asked if he would like to enter into a "no war" pact with India, Mr Bhutto said he did no want "a high-faluting treaty". He was ready to consider "a joint communiqué or some other document to the effect that we shall settle all our problems by peaceful means."

بھٹو صاحب کی جیت

مسائل و افکار



زبیدہ [illegible] سیری

ہماری قومی صورت حال اس قدر گراں اور نازک ہے کہ بھٹو، خان، مفتی محمود مفاہمت نے امید کی شمع جلائی ہے۔ ہر طرف اس کی پذیرائی ہو رہی ہے۔ میں بھی اس احساس تشکر و طمانیت میں شریک ہوں اور خاص طور پر خان ولی خان کو مستحق تبریک سمجھتا ہوں۔ نہ صرف اس لئے کہ اگر وہ مارشل لاء اٹھائے جانے کے مطالبے کو شدومد سے پیش نہ کرتے تو ملک کی کشتی ناقابل عبور گرداب میں پھنس جاتی بلکہ اس لئے بھی کہ پختونستان سے نسبت کی وجہ سے انہوں نے ان کی ہمیشہ پرزور مخالفت کی ہے، ان بحرانی دنوں وہ ایک ملک گیر قومی لیڈر کی حیثیت سے ابھرے ہیں اور ان کا دم غنیمت نظر آرہا ہے۔ لیکن اس فرحت کن نوید کے باوجود حقائق سے چشم پوشی کرنا ناجائز ہے اور میں یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ ہوا وہی جو صدر بھٹو چاہتے تھے۔ انہوں نے کئی بار اس بیان کا اعادہ کیا تھا کہ وہ مارشل لاء کو اس سال کسی مناسب وقت اٹھالیں گے۔ اپنے بیان کی وضاحت میں انہوں نے مزید کہا تھا کہ اس کا یہ مطلب نہیں کہ عمل اسی دسمبر کو وقوع میں آئے گا۔ ان کے پیش نظر کوئی اور تاریخ تھی جو سال کے دوسرے نصف میں پڑے۔ اصلاحات کے نفاذ کے پروگرام سے اس تاریخ کی بھی نشاندہی ہو گئی تھی۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ مارشل لاء مدت کے وسط سے پہلے نہیں اٹھایا جائے گا۔

اس کے برعکس خان ولی خان اور ان کے [illegible] کا مطالبہ تھا کہ مارشل لاء ۲۳ مارچ سے پہلے اٹھایا جائے ورنہ صوبائی اسمبلیوں کے مقررہ اجلاس کا بائیکاٹ کریں گے۔ صاحب نے اپنے براڈکاسٹ میں فرمایا کہ نیشنل عوامی پارٹی اور جمعیت العلمائے اسلام نے ان کی ان وجوہات کی صحت کو تسلیم کر لیا ہے جن کی بنا پر وہ مارشل لاء کو کچھ اور مدت نافذ رکھنا چاہتے ہیں۔ ممکن ہے کہ وہ وجوہ بہت اہم ہوں لیکن چونکہ ان کے متعلق عوام کو نہیں بتایا گیا کہ وہ کیا ہیں، ان کی اہمیت کو سمجھنے سے معذور ہیں۔ بظاہر مارشل لاء کی کوئی ضرورت نظر نہیں آتی۔ عبوری دستور کے بعد مکمل اپیل کو منظوری کے لئے پیش کیا جائے گا۔

مارشل لاء کو فوراً اٹھایا جا سکتا تھا۔ پھر معاملہ ۱۴ اگست کو مارشل لاء کے اختتام پر ختم نہیں ہو جاتا۔ دونوں جماعتوں نے صدر بھٹو کے اس موقف پر بھی صاد کر دیا ہے کہ جب تک ایمرجنسی جاری ہے — اور یہ عرصہ غیر معینہ ہے۔ مرکزی حکومت ایمرجنسی کے اختیارات سے لیس رہے گی۔ اب یہ اختیارات، جو جنگی حالات میں لاگو ہوتے ہیں۔ بہت وسیع ہیں بلکہ ایک بار خود صدر بھٹو نے کہا تھا کہ نہ معلوم لوگ مارشل لاء [illegible] کے لئے کیوں [illegible] ہیں جبکہ حکومت کے پاس ایمرجنسی اختیارات تو بدستور رہیں گے۔ بہتر یہ ہوتا کہ ایمرجنسی کی ضرورت کے متعلق قومی اسمبلی ہی فیصلہ کرتی۔

بہرحال مفاہمت سے مارشل لاء کے اٹھانے کی تاریخ پکی ہو گئی ہے۔ اس کا اصل فائدہ یہ ہوا کہ حکومت اور نیشنل عوامی پارٹی کی باہمی آویزش ختم ہو گئی۔ اگر ان میں اختلافات کی خلیج حائل رہتی تو ملک کو سخت خطرہ لاحق ہو جاتا۔ یہ معاملہ اکثریتی اور اقلیتی پارٹیوں کے جھگڑے کا نہ تھا۔ چونکہ پی پی پی کا اثر و رسوخ صرف پنجاب اور سندھ تک محدود ہے۔

اور نیشنل عوامی پارٹی اور اس کے ہمسفر سرحد اور بلوچستان میں غلبہ رکھتے ہیں۔ ڈر یہ تھا کہ کہیں دو پارٹیوں کی چپقلش بین الصوبائی جنگ کی صورت نہ اختیار کر لے اور مغربی پاکستان میں وہی نزاعی حالات پیدا ہو جائیں جو مشرقی اور مغربی بازوؤں کی کشاکش سے ملک کی تباہی کا باعث بنے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ بحران قطعی غیر ضروری تھا۔ اصل بحران تو وہ تھا جب ایک طرف شیخ مجیب الرحمٰن ۶ نکاتی دستور پر [illegible] تو دوسری طرف مسٹر بھٹو کو اصرار تھا کہ انہیں اس بات کا حتمی یقین دلایا جائے کہ ان کی پارٹی کو دستور سازی میں شرکت کا پورا موقع دیا جائے گا اور عوامی لیگ کی اکثریت پی پی پی کو ہڑپ نہ کر جائے گی۔ مشرقی پاکستان کے سقوط کے بعد مغربی پاکستان میں کسی لسانی جھگڑے کی گنجائش نہ تھی۔ پی پی پی کی پنجاب اور سندھ میں اکثریت تھی اور وہ وہاں برسر حکومت آنے کی مجاز تھی۔ اسی طرح جس کسی پارٹی کی سرحد اور بلوچستان میں اکثریت تھی، وہاں اسے حکومت بنانے کا حق حاصل ہوتا۔ دراصل نیشنل عوامی پارٹی اور جمعیت الاسلام کو اپنی

مرضی کا گورنر مقرر کرانے کی (جو ظاہر ہے کہ مرکز کا بنیادی حق ہے) یوں ضرورت محسوس ہوئی کہ مارشل لاء کی وجہ سے اسمبلیوں کا فوری اجلاس نہ بلایا گیا، ورنہ وزیر اعلیٰ کے اختیارات کے مقابلے میں گورنر کی کوئی حیثیت نہ رہتی۔ پھر چونکہ پی پی پی کو مرکزی اسمبلی میں بھی بالادستی حاصل تھی، کوئی اس کے استحقاق حکومت پر معترض نہ تھا۔ بلکہ نیشنل عوامی پارٹی اور دوسری اقلیتی پارٹیاں بار بار اس امر کا مطالبہ کر رہی تھیں کہ قومی اسمبلی کا اجلاس فوراً بلایا جائے، [illegible] آپ کو پی پی پی کے غلبے کے سپرد کرنے کو تیار تھیں۔ مغربی پاکستان میں بحران اٹھا تو محض اس لئے کہ مارشل لاء کے اٹھانے میں پس و پیش کی گئی۔ بعد از بسیار خرابی لیکن مفاہمت سے ایک خطرناک طوفان ہمارے سر سے ٹل گیا۔ جہاں اب تمام سیاسی عناصر ایک متفقہ منزل کی طرف اعلاء ہو سکتے ہیں وہاں صدر بھٹو کو دلجمعی سے ان خارجی حالات پر توجہ مرکوز کرنے کا موقع ملے گا جو ہمارے قومی وجود کے لئے خطرات کا اصلی منبع ہیں۔

اپیل

۱۔ پاکستان ریلیف فنڈ

فرینڈز آف پاکستان کی طرف سے اپنے پاکستانی بھائیوں سے اپیل کی جاتی ہے کہ پاکستان ریلیف فنڈ میں زیادہ سے زیادہ چندہ دیں۔ ہمارے پاس پاکستان ہائی کمشنر کے نام کے چھپے ہوئے چیک موجود ہیں جو بہن بھائی اس سلسلہ میں مدد کرنا چاہیں مندرجہ ذیل دیئے گئے فون نمبروں پر فون کر کے چیک حاصل کر سکیں:

677-3458

370-5398 - 922-9814

922-8061 - 922-8145

536-8159

شام سات بجے کے بعد

۲۔ جنگ سے متاثر لوگوں کیلئے کپڑے اور کمبل حالیہ پاک بھارت جنگ سے متاثرہ لوگوں کیلئے جو حضرات پرانے یا نئے کپڑے دینا چاہیں وہ مندرجہ بالا فون نمبروں پر بات کریں

۳۔ تمام پاکستانی بھائیوں کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ ہمارے نیدرلینڈز [illegible] میں تشریف لا کر پاکستان کی فلاح و بہبود کے [illegible]

قوموں کی زندگی میں بحران ماضی میں بھی آتے رہے ہیں ہمارے ہاں بھی بحران اگرچہ جاری ہے

ہمیں کامیابی کیلئے اتحاد قائم رکھنا ہوگا، صدر بھٹو کا پیغام لیکن ہم نے اس کا رخ موڑ دیا ہے

ہم نے ٹکڑے ٹکڑے جمع کر کے تعمیر نو شروع کر دی ہے

راولپنڈی ۲۲ مارچ (نمائندہ جنگ) صدر بھٹو نے یوم پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان ایک تابناک نظریہ ہے جو کبھی ختم نہیں ہو سکتا۔ ہم نے ٹکڑے جمع کر کے تعمیر نو کا آغاز کر دیا ہے تاہم آگے بڑھنے کے لئے ہمیں اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کرنا ہوگا انہوں نے کہا آج ہم یوم پاکستان منا رہے ہیں جو اس عہد کی مقدس یاد دلاتا ہے جو ہم نے ۳۲ سال سے بھی زیادہ عرصہ پہلے اپنے لئے انصاف پر مبنی آزاد و خود مختار مملکت کے قیام کے لئے کیا تھا تاکہ ہم آزادی، امن اور وقار سے زندگی گزار سکیں۔ ماضی قریب میں ہم جس اندوہناک تجربہ سے دوچار ہوئے ہیں اسکے باوجود ہم نے اس وقت جس نظریہ کی خاطر اپنے آپ کو وقف کر دیا تھا وہ آج بھی اسی طرح تابناک ہے۔ اس لئے کہ قطعہ زمین سے کہیں زیادہ پاکستان ایک تصور اور ایک نظریہ ہے جو کبھی ختم نہیں ہو سکتا۔

آدھی ——— رئیس احمد

لکھتے لکھتے رک گیا قومی مؤرخ کا قلم
بات ادھوری رہ گئی تحریر آدھی رہ گئی
قوم پاکستان دو حصوں میں اب تقسیم ہے
یوم پاکستان کی توقیر آدھی رہ گئی

مقبوضہ کشمیر کے
اُن حریت پسندوں
کے نام
جن کے دلوں میں
آزادی کی آگ
آج بھی روشن ہے

محمود احمد

چمن چمن کی ہواؤ بہار آئے گی
چمن چمن کو سناؤ بہار آئے گی

کبھی تو آئی تھی آنے پہ تیرے فصل بہار
اور اب تم آؤ ذرا آؤ بہار آئے گی

ہر ایک قطرۂ خون اشک بن کے کہتا ہے
کچھ اور دیپ جلاؤ بہار آئے گی

بدن کے زخم پہ پھیلے ہوئے لہو کی طرح
قبا پہ درد سجاؤ بہار آئے گی

اے دل جو آگ کسی کے ستم نے بخشی ہے
خزاں کے تن کو لگاؤ بہار آئے گی

خزاں کے دور میں اس بے کسی کے عالم میں
بچھڑ کے ہم سے نہ جاؤ بہار آئے گی

○

بھارت کا جنگی قیدیوں کی رہائی سے انکار نامعقولیت ہے
——— نیویارک ٹائمز

اسلام آباد ۲۴ مارچ (اے پی پی) شیخ مجیب الرحمن کو غیر مشروط طور پر رہا کر کے صدر بھٹو نے فراخدلی کا مظاہرہ کیا تھا مگر بھارت نے پاکستان کے جنگی قیدیوں کی رہائی سے انکار کر کے نہ صرف جنیوا کنونشن کی خلاف ورزی کی ہے بلکہ اس کا یہ انکار بین الاقوامی قانون اور خود بھارت کے مفاد کے بھی منافی ہے۔ یہ الفاظ نیویارک ٹائمز نے اپنی ۲۲ مارچ کی اشاعت میں لکھے ہیں۔ اخبار نے کہا کہ بھارت نے یہ اعلان کیا ہے کہ وہ جنگی قیدیوں کی رہائی پر اس وقت تک ہرگز بات چیت نہیں کرے گا، جب تک پاکستان بنگلہ دیش کو تسلیم نہ کرے۔ نیویارک ٹائمز نے کہا کہ جہاں تک بنگلہ دیش کو تسلیم کرانے کی کوشش کا تعلق ہے یہ بات سمجھ میں آنے والی ہے لیکن اس سوال کو جنگی قیدیوں کی رہائی کی شرط سے منسلک کر دینا نامعقولیت کی بات ہے اور نہ اس کا کوئی جواز ہے۔ اخبار نے یاد دلایا کہ تیسرے جنیوا کنونشن نے ۱۹۴۹ء میں اعلان کیا تھا جنگ بند ہو جانے کے بعد بغیر کسی تاخیر کے تمام جنگی قیدی رہا کئے جائیں اور اپنے وطن واپس بھیجے جائیں۔ نیویارک ٹائمز نے کہا کہ بھارتیوں کو صدر بھٹو کے اس فراخدلانہ اقدام کو اتنی جلد بھی فراموش نہیں کر دینا چاہئیے کہ انہوں نے مجیب کو بلا شرط رہا کر دیا تھا۔

مقبوضہ کشمیر کا انتخابی ڈھونگ اور غیر ملکی اخبارات

مظفر آباد ۲۴ مارچ (اے پ پ) مقبوضہ کشمیر کا انتخابی ڈھکوسلہ مکمل ہو چکا ہے اور حسب سابق اس بار بھی حکمران ٹولے نے انتخاب جیت لیا ہے۔ برطانیہ کے اخبار ڈیلی ٹیلیگراف کی ۱۳ مارچ کی اشاعت کے مطابق ان انتخابات کے دوران تشدد و ہنگامہ آرائی کے متعدد واقعات رونما ہوئے۔ انتخابی ڈھونگ پر غصہ سے بھرے ہوئے لوگوں نے اس قسم کی متعدد شکایات کا اظہار کیا کہ انتخابی افسران حکمران کانگریس پارٹی کے حق میں بدعنوانیوں کا ارتکاب کر رہے ہیں۔ سرینگر سے ۷۰ میل دور کپواڑہ کے مقام پر انتخابی افسران کی پارٹی پر ایک ہجوم نے ہلہ بول دیا اور بیلٹ بکس چھین کر لے گئے۔ ہجوم نے ایک پولیس تھانہ پر اس لئے پتھراؤ کیا اور اسے نذر آتش کرنے کی کوشش کی کیونکہ وہاں ایک پریزائڈنگ افسر بھاگ کر چھپ گیا تھا۔ بیلٹ بکس چھین کر لے جانے کے کئی اور واقعات بھی رونما ہوئے۔ مدراس کے بااثر انگریزی روزنامہ ہندو نے اپنی حالیہ اشاعت میں انکشاف کیا کہ کٹھ پتلی وزیر اعلیٰ میر قاسم کے انتخابی حلقہ میں کاغذات نامزدگی داخل کرنے کی مدت کے دوران ریٹرننگ افسر موجود ہی نہیں رہا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ میر قاسم بلا مقابلہ منتخب قرار دے دیئے گئے۔ بھارتیہ جن سنگھ کے صدر اٹل بہاری باجپائی نے ترچی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ان تمام شکایات کی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔

چین اور پاکستان میں سمجھوتہ

راولپنڈی ۲۰ مارچ (اے پ پ) آج یہاں سرکاری طور پر بتایا گیا ہے کہ پاکستان اور چین کے درمیان شہری ہوابازی کے نرخ اور دونوں ملکوں کی نقصانات کی صورت میں تعاون کے لئے دونوں ملکوں کے درمیان مکمل سمجھوتہ ہو گیا ہے۔ چینی وفد کی قیادت چین میں شہری ہوابازی کے ڈپٹی ڈائرکٹر جنرل ما جین ہوئی کر رہے تھے۔ چین کے سفیر چانگ تنگ نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ پاکستانی وفد کی قیادت وزارت دفاع کے سکریٹری غیاث الدین احمد نے کی۔ چینی وفد ۱۲ مارچ کو دارالحکومت پہنچا تھا۔

راولپنڈی میں شدید زلزلہ آیا

راولپنڈی ۲۰ مارچ (اے پ پ) آج شام راولپنڈی اور اسلام آباد میں زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کئے گئے زلزلہ ۶ بجکر ۴۰ منٹ پر آیا اور کوئی سات سیکنڈ تک جاری رہا جھٹکا اتنا شدید تھا کہ بادل امڈ آنے لگے لیکن اب تک کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ موسمیاتی دفتر سے جب رابطہ قائم کیا گیا تو انہوں نے زلزلہ کے بارے میں لاعلمی ظاہر کی۔

مقامی خبریں:-

پچھلے ہفتے محترمی آصف بابر اور فہیمہ زمانی کی شادی خانہ آبادی ہوئی۔ ہم بہت دعا کرتے ہیں کہ خدا ان کی جوڑی کو ہمیشہ خوش و خرم رکھے۔

ہم عزیزی بلال حیدر گیلانی، عزیزی سرور خان یعقوب علوی کو ان کی تیسری سالگرہ پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

موضع کاہر سانچ شنہ کے محترمی عبدالمجید صاحب اس دار فانی سے رخصت ہو گئے ہیں۔ مرحوم عرصہ دو سال سے عارضۂ قلب میں مبتلا تھے۔ مرحوم نے اپنے پیچھے دو کمسن بچیاں اور ایک جوان سال بیوہ چھوڑی ہے۔
انا للہ و انا الیہ راجعون

ٹونڈی، ٹونڈی ہے

عظمت فیروز

آنکھوں نے دیکھا
کانوں نے سنا

ہمیں خبر نہیں کہ اس برس پاکستان میں ۲۳ مارچ کا دن کس انداز اور کس اسلوب کے ساتھ منایا گیا۔ پاکستان اس دن کو ایک مقدس دن اور خون و خاک سے آلودہ تاریخ پاکستان میں اہم ترین سنگ میل قرار دیتے ہوئے بڑی امنگوں اور بڑے جوش و خروش سے مناتے تھے البتہ ہمیں یہ خبر ضرور ہے کہ یہ دن جو کبھی پاکستانیوں کی تقدیس کی کتاب میں سب سے اہم لمحہ تھا اس لمحہ کو ٹونڈی میں مقیم تارکین وطن نے کس طور پر منایا۔

کناڈا پاکستان کلچرل ایسوسی ایشن اور پاکستان سٹوڈنٹ ایسوسی ایشن نے باہمی اشتراک سے ٹونڈی یونیورسٹی کے آڈیٹوریم میں ۲۵ مارچ بروز ہفتہ ۲۳ مارچ کے دن کو زندہ و جاوید رکھنے کیلئے ایک عام اجلاس کا اہتمام کیا۔ ہمیں اس اجلاس کی کامیابی پر شک و شبہات کو تسلیم کرنا پڑے گا کیونکہ اس اجلاس کی کامیابی پر ڈھائی ڈالر کا ٹکٹ گراں تر تھا۔ ہمیں اپنے ان پاکستانی بھائیوں کے نظریات ٹکٹ کے بارے میں جاننے کا اتفاق ہوا تھا۔ اگرچہ وہ پاکستان کی تباہی پر خون کے آنسو رونے کا دعوہ فرماتے تھے اور اپنی زندگی تک خاک پاکستان پر نچھاور کرنے کا عظم بھی ظاہر کرتے تھے لیکن انھیں یہ گوارہ نہیں تھا کہ وہ اس اجلاس میں شرکت کیلئے ڈھائی ڈالر کی قربانی دیتے۔ فرماتے تھے یہ ایسوسی ایشن کے عہدیدار صرف ذہنی بڑھائی اور کرسیوں کے استحکام کے خود غرضانہ مفادات کا تحفظ چاہتے ہیں اور ہم ان کے کسی پروگرام پر یقین نہیں رکھتے۔

خود غرضانہ مفادات یقینا قابل مذمت ہیں لیکن ہماری یہ خواہش بھی شرمندہ تعبیر ہو سکتی تھی کہ اگر وہ حضرات یہی سمجھ لیتے کہ اگر یہ ایسوسی ایشن کوئی اچھا اور تعمیری کام کرنا چاہتی ہے تو ان کی حوصلہ افزائی اسی طرح کریں جس شدت سے وہ صرف تنقید کے زہر یلے نشتر سنبھالے رہتے ہیں۔ ان کے مایوس کن رویہ سے ہم دل برداشتہ ہو کر اور ۲۳ مارچ کے مقدس دن میں گہرے دکھ کے احساس کے بوجھ تلے جھکے کندھوں کے ساتھ اجلاس میں پہنچے تو دم میں دم آیا چہرے کی مردنی نے رنگ پکڑا۔ بحیثیت قوم پاکستانی ہم از کم ابھی نہیں تو خاصی بڑی تعداد اتحاد اور قربی تعلقات پر یقین رکھتی ہے جوش و خروش کا اظہار ہر چہرے سے عیاں تھا۔ ہمیں خبر نہیں کہ یہ جوش و خروش محض بے حسی کا پیدا وار تھا یا پھر یہ جوش و خروش دلدل کے گڑھے میں گرے ہوئے معذور ماندہ پاکستان کو نئی سطح پر استوار کرنے کا عکاس تھا۔

اجلاس کی کاروائی شروع ہوئی۔ پاکستان کناڈا کلچرل ایسوسی ایشن کے صدر جناب عاصم حیات کے بعد جناب ایم ایس شیخ ہائی کمشنر پاکستان نے ایک جامع اور مختصر تقریر کی۔ جناب ڈاکٹر بیگ صاحب نے بھی دل کے پھپھولے دکھائے اور پھر جناب آغا شاہی نے جنہوں نے جامع انداز بیاں کے ساتھ جنگ میں پاکستانی موقف کو انتہائی واضح اور صداقتوں کے پلڑوں میں تول کر اور دنیا کے آگے پیش کیا۔ وہ اپنی انتھک محنت اور اعلیٰ صلاحیتوں کا اظہار کرتے ہیں۔ تقریر کا آغاز کیا۔ انکی آواز میں درد کی جھلک بھی اپنی ناکام کوششوں کی شکست میں بدمست حریف کے ہاتھوں شکست کی سرزنش بھی اور پاکستان کی تباہی کا احساس واضح طور پر جذباتی انداز میں انکی آواز میں زیر و بم پیدا کر رہا تھا۔ باقی سبھی مقرروں نے بڑے خوبصورت اور اچھی لیکن لیکن شاہی صاحب کی چند باتوں سے ہم بہت متاثر ہوئے۔ آپ نے پاکستان کی ان گنت مسائل و مشکلات کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ "اس وقت ہر فرد قوم پر لازم ہے کہ وہ اپنی بھرپور صلاحیتوں کے ساتھ حالات کی نزاکت کے پیش نظر گہری نظر اور سوچ بچار سے پاکستان کو درپیش صورت حال کا جائزہ لے۔ ایسے اجلاس کا انعقاد اور محض جوش و خروش کا اظہار پاکستان کے جسم میں خون کی کمی کا مداوا اور ضعف سے کمزور سالنوں کو قوت نہیں بخشے گا۔ ہمیں صدق دل سے پاکستان کے بارے میں سوچنا ہوگا۔"

شاہی صاحب کی تقریر کے خاتمے کے ساتھ ہی اس فنکشن کا ایک دور ختم ہوا اور خورد و نوش کا دوسرا دور شروع ہوا۔ ہم نے پچھلی نشستوں سے چند حضرات کی سخت تند و تراش اور حقارت سے آلودہ آوازیں سنیں۔ اوجی۔ یہ کرتوت دیکھو انکی، ڈھائی ڈالر میں یہ چند پکوڑے کھلا دیئے۔ یہ سنتے ہی ہم آغا شاہی صاحب کی بھرائی ہوئی آواز میں بولے "رکھو درمند اپیل کو بھی جھٹک دیئے"۔ کیونکہ یہ مختصر جملہ قوم کے ایک فرد کی آواز نہ تھی بلکہ ہم کہتے ہیں کہ قوم کا ایک بڑا حصہ ابھی تک ان بے وقعت باتوں کو اپنے ذہنوں میں بہت بلند جگہ دیتا اپنی ذہنی بلندیوں کا ثبوت پیش کرتا ہے۔ ہم گہری سوچ میں مبتلا ہیں کیا جو قومیں ایسے نازک حالات سے دوچار ہیں ایسی چھوٹی باتوں کو زیادہ اہمیت دیتی ہیں وہ کبھی بھی اپنی ٹی کو وہ شرف اور مقام بخش سکتی ہیں جو دنیا کی عظیم قوموں نے اپنے خون سے اپنے قلم کی نوک سے حاصل کیا

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں کی آرا سے متفق ہونا ضروری نہیں)

مراسلات

جب شکو ٹورنٹو کی گلیوں سے گذر ہوتا ہے تو اکا دکا پاکستانی تارک وطن نظر آتا ہے۔ ہر آنے دن یہاں پاکستانی تارکین وطن تعداد میں بڑھ رہے ہیں اگر یہ سلسلہ جاری رہا تو امید ہے کہ اگلے ۵ یا ۱۰ سالوں میں اس قدر پاکستانی ہو جائیں گے کہ ان کو متحد رکھنا مشکل ہو جائیگا۔ ابھی ہماری تعداد بہت کم ہے پھر بھی کئی ایک ایسوسی ایشن ہیں اور کئی ایک ثقافتی گروپ ہیں۔ عید کی نماز کئی جگہوں پر ہوتا ہے۔ ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ خاص تقاریب یا مواقع پر کہاں جائیں اور کس جگہ نماز پڑھیں اور کس کو چندہ دیں۔

پاکستانی تارکین وطن اگر ایک جگہ پر اکٹھے نہیں رہ سکتے اور نا ہی ممکن ہے مگر یہ ممکن ضرور ہے کہ ان کو ملکی حالات سے با خبر رکھا جا سکے۔ اسی کا خیال رکھتے ہی چند محب وطن پاکستانیوں نے نہایت مصروفیات میں ایک اخبار صدائے پاکستان جاری کیا ہے۔ یہ ایک معمولی کارنامہ نہیں۔ اگر اس اخبار کو پھلنے اور پھولنے کا موقع نہ دیا گیا تو یقین جانئے کہ آپ اپنی مادری زبان کلچر اور تمدن کو ٹھیس لگا رہے ہیں۔ یہ اخبار بہت مفید ثابت ہو رہا ہے۔ ہم اپنے ہم وطنوں سے اس اخبار کے ذریعہ درخواست کرتے ہیں کہ ٹورنٹو کے گرد نواح میں ایک قطعہ زمین خرید کر ایک قبرستان بنایا جائے۔ اگر جیتے جی ہم وطن مسافر ہیں روزگار و معاش کے ہاتھوں یکجا نہیں رہ سکتے تو کم از کم قبرستان ہی کو ایک ذریعہ بنایا جائے۔ آخر مرنا ہے موت ضروری ہے۔

اسد انور۔ ٹورنٹو

ناموں اُن کا آسمان پھر الیا تحریر میں۔ بنگلہ دیش کے ایک

نقیب کے قلم سے

بنگلہ دیش کے غیر بنگالی باشندے جن کو بہاری کہا جاتا ہے جن دشواریوں سے دوچار ہیں ان میں ان کے ساتھ ہمدردی ایک فطری چیز ہے لیکن ہندوستان میں بعض پارٹیاں اس مسئلہ سے سیاسی فائدہ اٹھانے کی کوشش کر رہی ہیں۔

مسئلہ کی سیاسی پیچیدگیوں اور گفتگو کا یہاں موقع نہیں یہاں بحث نہیں باقی یہ کہ "پنجابی" کے بعد یہ "بہاری" کا لقب خوب یاد آگیا ہو۔ جو ظلم و ستم چاہیے۔ آپ بنگلہ دیش کی "آزادی" کے بعد "بہاری" بدنصیب کے نامہ اعمال میں بے تکلف لکھ دیجیے۔ جس طرح "غلامی" کے دور میں ہر جرم بے کھٹکے "پنجابی" کے فرد جرم میں ڈال دیا جاتا تھا ــــ سارا کھیل اصطلاح ہی کا تو ہے وہ "پنجابی" نہ سہی بہاری سہی۔ کیا غم جو ایک اصطلاح مٹ گئی دوسری تو زندہ ہے۔

بھارت پاکستانی جنگی قیدیوں کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کر رہا ہے

بھارتی حکومت بیمار قیدیوں کی واپسی کے سمجھوتے سے پھر گئی: اقوام متحدہ سے پاکستان کا احتجاج

اقوام متحدہ ۱۴ مارچ (رائٹر/ اے پ ا) پاکستان نے اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل کرٹ والڈہیم سے احتجاج کیا ہے کہ بھارت پاکستانی جنگی قیدیوں کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کر رہا ہے۔ پاکستانی سفیر آغا شاہی نے مسٹر والڈہیم کو اس سلسلے میں ایک مراسلہ بھیجا ہے جسے اقوام متحدہ نے نیو یارک میں شائع کیا ہے مسٹر آغا شاہی نے اس میں کہا ہے کہ گذشتہ ہفتہ جنگی قیدیوں کے ایک بھارتی کیمپ میں پاکستانی قیدیوں پر بھارتی پہرہ داروں نے بے دردی سے گولی چلائی تھی اس واقعہ کی طرف سلامتی کونسل کی توجہ دلائی جائے۔ پاکستانی سفیر نے اپنی حکومت کی ہدایت پر گذشتہ جمعہ کو اقوام متحدہ میں ایک پریس کانفرنس بھی طلب کی تا کہ جنگی پاکستانی جنگی قیدیوں پر بھارت کے وحشیانہ حملہ کی جانب عوام کو متوجہ کیا جا سکے مسٹر آغا شاہی نے سکریٹری جنرل کے نام اپنے مراسلہ میں کہا ہے کہ پاکستان کے بیمار اور زخمی قیدیوں کو وطن واپس بھیجنے کے وعدے سے بھارت پھر گیا ہے حالانکہ پاکستان بھارت کے بیمار اور زخمی قیدیوں کے پہلے گروپ کو واپس بھیج چکا ہے بھارت نے ریڈ کراس کی بین الاقوامی کمیٹی کے توسط سے بیمار اور زخمی قیدیوں کی واپسی کا سمجھوتہ کیا تھا جس کے مطابق مذکورہ قیدیوں کی واپسی شروع ہو کر ۱۲ مارچ اور اس ماہ کی دوسری تاریخ تک جاری رہتی اب بھارت نے اس سمجھوتہ پر عمل درآمد نہ کرنے کے جواز کے طور پر یہ عذر پیش کیا ہے کہ ڈھاکہ کے حکام کی منظوری حاصل ہونے تک پاکستانی قیدیوں کی واپسی روک دی گئی ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان سے اپنے جنگی قیدیوں کی رہائی حاصل کرنے کے بعد اب بھارت ٹال مٹول کر رہا ہے بدقسمتی... پاکستانی قیدیوں کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کر رہا ہے

آغا شاہی نے مراسلہ میں کہا ہے کہ بھارت نے یہ طرز عمل اختیار کر کے تیسرے جنیوا کنونشن کی صریحی خلاف ورزی کی ہے کیونکہ اس کنونشن میں غیر مشروط طور پر یہ کہا گیا ہے کہ جنگ بندی ہوتے ہی قیدیوں کو فی الفور ان کے وطن واپس بھیج دیا جائے آغا شاہی نے کہا کہ پاکستانی قیدیوں کو مسلسل پریشان کیا جا رہا ہے اور انہیں انسانی حقوق سے محروم کر دیا گیا ہے فائرنگ کا واقعہ اس کا ثبوت ہے کہ ان کے ساتھ کس بے دردی کا برتاؤ روا رکھا جا رہا ہے بھارتی حکومت نے یہ بھی دعویٰ کیا ہے کہ اس نے پاکستانی جنگی قیدیوں کی واپسی کے بارے میں غیر مشروط مذاکرات کی جو پیشکش کی تھی پاکستان نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا مسٹر آغا شاہی کی درخواست پر ان کا مراسلہ سلامتی کونسل کی ایک دستاویز کے طور پر سلامتی کونسل کے ممبروں کے پاس بھیج دیا گیا ہے واضح رہے کہ نوے ہزار سے زیادہ پاکستانی فوجی بھارت کی قید میں ہیں۔

آئین جواں مرداں حق گوئی و بیباکی · اللہ کے بندوں کو آتی نہیں روباہی (۲)
اقبال

صدائے پاکستان

لمحۂ فکریہ

پاکستان کو اپنی سالمیت کی جنگ میں جس طرح شکست ہوئی ہے کاش اس روز ایسی بے بسی و بے چارگی اور روح کو ڈس لینے والی رسوائی دیکھنے کیلئے ہم زندہ نہ رہتے۔ جو زخم ہمیں اس شکست سے لگا ہے شاید وقت کا مرہم بھی اسے مندمل نہ کر سکے ہمارے دل میں پنہاں رنج و غم کی تکلیف سے آج گردوں کی آنکھ بھی اشک آلود نظر آتی ہے۔

پاکستان جو مسلسل جدوجہد اور قربانیوں کی لو پر رکھی جس کے قیام میں بے شمار مائیں اپنے فرزندوں سے محروم ہوئیں ان گنت بہنیں جو ہوس کا شکار ہوئیں اور لاتعداد خون میں لت پت جوان اس کی آزادی پر قربان ہو گئے وہ امانت جو ہمیں دنیا کی سب سے بڑی اسلامی مملکت کی صورت ملی خرد برد ہوگئی۔ قانون قدرت ہی تو ہے کہ قوموں کی زندگی میں عروج و زوال آتے ہیں ہمیں عروج ہی کب ملا تھا جو زوال کا شکار ہو گئے۔ اب یہ سوال بہت سے ذہنوں میں پرورش پا رہا ہے کیا پاکستان کے دن قریب آ رہے ہیں؟ کیا پاکستان دنیا کے نقشہ سے مٹ جائے گا؟ ہمیں تو حیرت ہے کہ جب پاکستان اس نازک دور سے گذر رہا ہے ہم کس طرح سوتے اور کس طرح جاگتے ہیں اور ہماری زندگی کا رشتہ کس طرح قائم ہے۔ کیا ہم سب ہندوؤں کے غلام ہو گئے؟

سب پاکستانیوں کا فرض ہے وہ جہاں کہیں ہوں اس ملک کو مضبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کریں اس کے لئے اجتماعی جدوجہد کی ضرورت ہے اگر یہ کہا جائے تو مبالغہ نہیں ہوگا کہ ان کوششوں کو یکجا کرنے کیلئے فرینڈز آف پاکستان کی تشکیل کی گئی ہے سب پاکستانیوں کو چاہئے کہ پاکستان کو مضبوط کرنے کیلئے ہمارے ساتھ تعاون کریں۔

فرینڈز آف پاکستان کیا چاہتے ہیں!

۱۔ تمام موجودہ تنظیموں کے عہدیدار کرسیاں چھوڑ دیں تاکہ ایک مشترکہ تنظیم عمل میں لائی جائے۔ ایک ایسی تنظیم کی تشکیل —— جو

ا۔ عوام کی صحیح نمائندہ اور ترجمان ہو
ب۔ باہمی آویزش اور رقابت کا اکھاڑہ نہ ہو
ج۔ ذاتی وقار اور مفاد کی بجائے قومی مفاد اور اتحاد کیلئے کام کرے
د۔ عوام کو ایک مشترکہ اور صحت مند پلیٹ فارم پر لائے

۲۔ ایک ایسی تنظیم —— جس میں

ا۔ ڈرائنگ روم سیاست نہ ہو
ب۔ ذاتی وقار اور کرسی اقتدار کیلئے باہمی رسہ کشی یا خود نمائی اور خود پسندی کی تسکین کی گنجائش ہی نہ ہو
ج۔ دھاندلی یا اختیارات کے غلط استعمال کا امکان نہ ہو

۳۔ رابطۂ عوام مہم

۴۔ قومی دفاعی فنڈ، "ریلیف فنڈ"، "جنگ سے متاثرہ افراد اور بچوں کا فنڈ" کے لئے زیادہ سے زیادہ چندہ اور عطیات کی فراہمی۔

۵۔ مادر وطن کیلئے زیادہ سے زیادہ چندہ اور عطیات اور زرمبادلہ کی فراہمی۔

۶۔ مقامی پریس میں پاکستان کے خلاف پروپیگنڈہ کا منہ توڑ جواب دیا جائے

اظہار تشکر

ہم افرو ایشین فوڈ سٹور 9/8 ہیپ الونو کے بہت مشکور ہیں جنہوں نے اس پرچے کے لئے کاغذ میں ہماری مدد فرمائی۔ مجلس ادارت

صدائے پاکستان

پندرہ روزہ

ٹورونٹو

۱۰ اپریل ۱۹۷۲ء

مجلس ادارت
خواجہ عبدالرشید عظمت فیروز
مصلح الدین اور سعید قیصری

بھارت جنگی قیدیوں کے مسئلہ پر پاکستان کو بلیک میل کرنے سے باز آجائے

میں بھارت سے مرعوب یا بلیک میل ہونے والی قوم کا صدر نہیں بننا چاہتا

اندرا اور مجیب نے رویہ نہ بدلا تو میں ان کے سامنے نہیں جاؤں گا

مجیب بہاریوں کی جان اور عزت کی حفاظت کریں

راولپنڈی ۵ مارچ (اپ پ) صدر ذوالفقار علی بھٹو نے آج اعلان کیا کہ پاکستانی جنگی قیدیوں پر ڈھاکہ میں مقدمہ چلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ میں اپنی قوم کو یہ بتاؤں کہ اگر بھارت نے پاکستان کے خون کا آخری قطرہ تک نچوڑنے کے لئے جنگی قیدیوں کو استعمال کیا تو میں ہرگز اس کی حمایت نہیں کر سکتا انہوں نے یہ بات آج رات صدارتی مہمان خانے میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی صدر بھٹو نے واضح اعلان کیا کہ پاکستان بھارت کے اس موقف کو قبول نہیں کر سکتا کہ پاکستانی جنگی قیدی بھارت اور ڈھاکہ کی مشترکہ تحویل میں ہیں یہ موقف تسلیم نہیں کیا جا سکتا بھارت کی یہ پوزیشن کمزور ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنے اس موقف پر مضبوطی سے قائم ہے کہ پاکستان کے جنگی قیدی صرف بھارت کی ذمہ داری ہیں کیونکہ مکتی باہنی نے نہیں بلکہ بھارت نے حملہ کر کے ڈھاکہ پر قبضہ کیا تھا صدر بھٹو نے بھارتی کیمپوں میں پاکستانی جنگی قیدیوں کے ساتھ بدسلوکی کے واقعات کا ذکر کرتے ہوئے میز پر زور سے ہاتھ مارا اور اپنی آواز بلند کرتے ہوئے کہا کہ ہم پاکستانی جنگی قیدیوں کی بے عزتی زیادہ عرصہ تک برداشت نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ میرا فیصلہ ہے میں نے یہ فیصلہ کسی جنرل کے زیر اثر نہیں بلکہ صدر پاکستان کی حیثیت سے کیا ہے انہوں نے کہا کہ میں بتا دینا چاہتا ہوں کہ میرے صبر کی ایک انتہا ہے انہوں نے میز پر ہاتھ مارتے ہوئے کہا کہ میں ڈھاکہ کی سرزمین پر پاکستان کے جنگی قیدیوں کے خلاف مقدمہ چلانے کی ہرگز اجازت نہ دوں گا۔ صدر نے کہا کہ اس قسم کے مقدمے کی اجازت دینا قومی وقار کے جذبے کے منافی ہوگا۔

انہوں نے کہا کہ اگر اس سوال پر بھارت کے سامنے جھکنے کے لئے مجھ پر داخلی دباؤ ڈالا گیا تو میں اپنے عہدے سے دستبردار ہو جاؤں گا۔ ایسے لوگوں کو چاہئے کہ وہ کسی اور کو تلاش کر لیں جو اس ذمہ داری کو سنبھال سکے۔ انہوں نے کہا کہ اس عہدے کی کوئی اہمیت نہیں ہے میں پہلے بھی عہدہ چھوڑ چکا ہوں۔ اصل اہمیت اس بات کی ہے جو تاریخ میں جگہ پائے گی۔ میں پاکستان کی رسوائی میں فریق نہیں بن سکتا صدر بھٹو نے پاکستانی جنگی قیدیوں کی واپسی کے سوال پر بھارتی لیڈروں کے تازہ بیانات کے پیش نظر اپنے بھارت جانے کے فوری امکان کو رد کیا۔

بھارت میں خونریز انتخابی بلوے

نئی دہلی ۰ مارچ (رپ اے ڈپ ا اپ پ) ملک کی ریڈیو رپورٹ ہے کہ میں صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات کے دوران قتل و غارت اور تشدد کی وارداتوں کا سلسلہ جاری ہے۔ آج انتخابات کے چھٹے روز تشدد کی وارداتوں میں کئی افراد ہلاک ہو گئے۔ کل بھارت کے کئی شہروں میں پولیس نے گولی چلائی جس سے چھ افراد ہلاک ہوئے۔ گذشتہ پانچ روز میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد ۲۳ تک پہنچ گئی ہے۔ بھارتی صوبہ بہار میں ۸۰ ہزار سے زیادہ پولیس والے اور کئی فوجی دستے صوبہ بھر میں فسادات کو روکنے کے لئے ڈیوٹی پر تعینات ہیں۔ پولیس نے بہار کے شہر کوتھوا میں ایک ہجوم پر گولی چلا دی اس سے قبل دو مخالف گروہوں نے ایک دوسرے پر حملہ کر دیا اور ایک شخص کو ہلاک اور دوسرے کو زخمی کر دیا۔ پٹنی کے قریب کانگریس پارٹی اور جن سنگھ کے حامیوں کے درمیان ایک ووٹر کی شناخت کے سوال پر تصادم ہو گیا جس میں ایک شخص ہلاک اور بہت سے دوسرے زخمی ہو گئے ایک اور قصبہ بیگ سرائے کے قریب ایک گاؤں میں پولیس نے ایک گروہ پر جو بیلٹ بکس لیکر بھاگ گیا تھا۔ گولی چلا دی جس سے ایک شخص ہلاک ہو گیا۔ آل انڈیا ریڈیو کے مطابق پولیس نے آج صوبہ کیرالا میں ترویندرم کے مقام پر ایک ہجوم پر گولی چلا دی جس سے متعدد افراد زخمی ہو گئے۔ دریں اثنا مشرقی بنگال میں جہاں کل انتخابات ہو رہے ہیں فوج کو تیار رہنے کا حکم دے دیا گیا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ۝ الکہف ۱۸

اور کسی ایسے شخص کی اطاعت اختیار نہ کرو جس کے قلب کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا ہے، اور جو اپنی خواہش کی پیروی کرتا ہے اور نتیجہ یہ کہ اس کا معاملہ افراط و تفریط میں پڑ جاتا ہے۔

شیخ مجیب زبان کو لگام دیں! ورنہ

ان کی پول کھول دوں گا۔ صدر بھٹو

راولپنڈی ۲۵ مارچ (اپ پ/ پ پ ا) صدر نے آج یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے شیخ مجیب الرحمٰن سے کہا کہ وہ اپنی زبان کو لگام دیں اور اپنی تقریروں میں احتیاط برتیں ورنہ میں ان کی ساری قلعی کھول کر رکھ دوں گا۔ صدر نے اس سلسلے میں شیخ مجیب الرحمٰن کی کلکتہ کی تقریروں کا تذکرہ کیا جن میں انہوں نے پاکستانی لیڈروں پر طنز کیا اور ان کا مضحکہ اڑایا۔ اور کہا کہ اگر کوئی اب بھی متحدہ پاکستان کی بات کرتا ہے تو وہ پاگل ہے اور اسے پاگل خانہ بھیجنا چاہئے۔ صدر نے شیخ مجیب سے کہا کہ وہ معقول رویہ اختیار کریں وہ جانتے ہیں کہ ان سے میری کیا بات چیت ہوئی تھی اور میں نے اس کو ظاہر نہیں کیا۔ میں ان کی کامیابی چاہتا ہوں میں نے شیخ مجیب الرحمٰن کو جانے دیا۔ میں نہیں چاہتا کہ ان کی پوزیشن خراب ہو۔ کیونکہ اب وہ ہمارے سات کروڑ بھائیوں کے لئے ذمہ دار ہیں صدر نے کہا کہ اگر شیخ مجیب الرحمٰن اس قسم کے غیر ذمہ دارانہ بیانات دیتے رہے تو پھر میں ساری پول کھول دوں گا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے شیخ مجیب کو اس لئے رہا کیا کہ مشرقی پاکستان میں قیادت کا فقدان تھا مشرقی پاکستان میں سخت انتشار تھا اور ہم یہ پسند نہیں کرتے تھے اگر شیخ مجیب الرحمٰن کو رہا نہ کیا جاتا تو افراتفری اور بھی بڑھ جاتی۔

ایس کے دہلوی ماسکو پہنچ گئے

ماسکو ۲۶ مارچ (اپ پ/ تاس) روس میں پاکستان کے نئے سفیر مسٹر سمیع اللہ خاں دہلوی ماسکو پہنچ گئے ہیں انہیں مسٹر جمشید مارکر کی جگہ سفیر مقرر کیا گیا ہے جو دسمبر ۱۹۶۹ء سے روس میں پاکستان کے سفیر تھے۔

سرحد کا وزیر اعلیٰ
جمعیۃ العلمائے اسلام سے ہوگا
بلوچستان میں
عطاء اللہ مینگل کے وزیر اعلیٰ بننے کا امکان

شیر پاؤ اور رئیسانی کو مرکز میں وزیر بنایا جائے گا

سرحد نیپ کی صدارت کے لئے ارباب سکندر کی جگہ افضل خاں کا تقرر

راولپنڈی ۲۲ مارچ (نمائندہ جنگ، اپ پ پ پ ا) آج مرکزی کابینہ نے پاکستان پیپلز پارٹی، نیشنل عوامی پارٹی اور جمعیت علماء اسلام کے سمجھوتے کے مطابق صوبہ سرحد اور بلوچستان میں دو نئے گورنروں کے تقرر کا قطعی فیصلہ کر لیا۔ ایک سرکاری ترجمان نے آج شام یہاں اخباری نمائندوں کو بتایا کہ کابینہ نے تقرریوں کا آخری فیصلہ کر لیا ہے۔ لیکن دونوں گورنروں کے ناموں کے بارے میں سرکاری اعلان عنقریب کیا جائے گا۔ جمعیۃ علماء اسلام کے جنرل سیکریٹری مولانا مفتی محمود نے بتایا ہے کہ ارباب سکندر خاں صوبہ سرحد کے اور مسٹر غوث بخش بزنجو بلوچستان کے گورنر ہوں گے۔ یہ دونوں لیڈر نیشنل عوامی پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں۔ باخبر حلقوں کا خیال ہے کہ حیات محمد خاں شیرپاؤ اور مسٹر غوث بخش رئیسانی کو جو آجکل صوبہ سرحد اور بلوچستان کے گورنر ہیں مرکز میں وزیر بنایا جائے گا۔ ملتان سے نمائندہ جنگ کی اطلاع کے مطابق صدر بھٹو اور ولی خان کے درمیان نئے ناموں پر اتفاق رائے سے پیشتر بلوچستان کے گورنر کے طور پر سردار خیر بخش مری اور سرحد کے گورنر کے طور پر مسٹر غلام فاروق کا نام بھی لیا جا رہا تھا۔ لیکن معلوم ہوا ہے کہ سردار خیر بخش مری نے گورنری کا عہدہ قبول کرنے سے معذوری ظاہر کی۔ واضح رہے کہ بلوچستان کے متوقع گورنر مسٹر غوث بخش بزنجو نیپ بلوچستان کے صدر اور صوبہ سرحد کے متوقع گورنر ارباب سکندر خاں نیپ سرحد کے صدر ہیں نیپ کے حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ بلوچستان کے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے سردار عطاء اللہ مینگل کی نامزدگی کا امکان ہے جبکہ صوبہ سرحد کا وزیر اعلیٰ جمعیۃ العلماء اسلام سے ہوگا۔ دریں اثنا پشاور سے اپ پ کی اطلاع کے مطابق صوبائی اسمبلی کے منتخب رکن اور سوات سے نیپ کے ممتاز رہنما مسٹر محمد افضل خاں ارباب سکندر خاں کی جگہ صوبہ سرحد میں نیشنل عوامی پارٹی کے نئے صدر ہوں گے۔ یہ بات نیپ کے باخبر ذرائع نے بتائی ہے۔ سکندر نیپ کی صدارت سے

سے اہم زاویہ ہماری قیادت کے تشخص کا ہے۔ قائد کے مقام پر ترادر کوئی کھڑا نہیں ہو سکتا کہ عمل تخلیق جن صفات کا متقاضی ہوتا ہے وہ عام انسانوں کو تفویض نہیں ہوتیں سے

جمعیت علمائے پاکستان حزب اختلاف کی حیثیت سے کام کرے گی

سرگودھا ۲۷ مارچ (اپ پ) جمعیت علمائے پاکستان (بانگو گروپ) نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ اسمبلیوں میں حزب اختلاف کی حیثیت سے کام کرے گی یہ فیصلہ جمعیت کی جنرل کونسل کے اجلاس کیا جس کی صدارت خواجہ قمر الدین سیالوی کر رہے تھے۔ پنجاب اور سندھ سے جمعیت علمائے پاکستان کے اراکین قومی و صوبائی اسمبلی اور جنرل کونسل کے اراکین اس اجلاس میں شریک تھے۔ کونسل نے صبح کے اجلاس میں یہ فیصلہ کیا جمعیت کے جوائنٹ سیکریٹری نذر الرحمٰن نے بتایا کہ کونسل نے فیصلہ کیا ہے کہ جمعیت کوئی ایسا آئین قبول نہیں کرے گی جو بنیادی طور پر اسلامی نہ ہو۔



اب میں تمہیں کیا سمجھاؤں کہ زرعی اصلاحات کا مطلب کیا ہے بس یوں سمجھو! کسان بھی اب انسان ہوگا۔ اور زمیندار مناسب جسم کا ہوگا۔ اب توند دار نہ ہوگا "